بسم اللہ الرحمن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 15.02.2023

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن
سینئر ریسرچ ایڈوائزر،
فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

وفاقی شرعی عدالت کی آج 15.02.2023 کو لاہور بنچ رجسٹری میں خواجہ سراء کیس کی سماعت

عزت مآب جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور، چیف جسٹس اور عزت مآب جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ، جج پر مشتمل وفاقی شرعی عدالت کے بنچ نے خواجہ سراء (تحفظ حقوق) ایکٹ 2018 سے متعلق درخواستوں کی سماعت کی۔ سماعت میں تمام متعلقہ فریقین اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی نے شرکت کی۔

سماعت کے دوران متعلقہ حکام نے اپنی اپنی رپورٹیں پیش کیں اور معاملے پر اپنے دلائل بھی پیش کیے۔

عزت مآب چیف جسٹس صاحب نے "نادرا" کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے کے حوالے سے اپنی پالیسی جاری کرے، جس سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ خواجہ سراؤں کے حقوق سے واقفیت اور تحفظ کے لیے مزید جامع طریقہ کار فراہم کیا جائے گا۔

وفاقی شرعی عدالت، خواجہ سراؤں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے معاملے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کے لئے کوشاں ہے۔ کیس کی سماعت 21.02.2023 تک ملتوی کر دی گئی۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن)
سینئر ریسرچ ایڈوائزر